**05.12.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

Music

.......................................................................

☆ سینئر BJP رہنما دیویندر فڑنویس نے مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے تیسری مرتبہ حلف لیا۔ شیوسینا لیڈر ایکناتھ شندے اور NCP رہنما اجیت پوار نے بھی نائب وزراء اعلیٰ کی حیثیت حلف لیا۔

☆ پارلیمنٹ نے طیارے کی برآمدگی یا درآمدگی، مینوفیکچرنگ اور ڈیزائن سے متعلق اصول و ضوابط مرتب کرنے کیلئے حکومت کو بااختیار بنائے جانے کا بل منظور کرلیا ہے۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے عدالتی نظام کے سبھی متعلقہ فریقوں سے کہا ہے کہ وہ عام لوگوں کے مفاد میں ملتوی کیے جانے کے کلچر سے بچنے کا ایک طریقہ کار تلاش کریں۔

☆ بھوٹان کے شاہ جگمے کھیسر نامگیال وانگ چُک اور ملکہ Jetsun Pema وانگ چُک نے نئی دلّی میں وزیر اعظم نریندر مودی سے ملاقات کی ہے۔

☆ اسرو نے سری ہری کوٹہ سے یوروپی خلائی ایجنسی کے پروبا تین مشن سیارچے کو کامیابی کے ساتھ لانچ کیا ہے۔

☆ سپریم کورٹ نے ہوا کے معیار کے بندوبست کے کمیشن کو دلّی میں چوتھے مرحلے کی گریپ بندشوں کو دوسرے مرحلے میں کرنے کی اجازت دے دی ہے۔

.......................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *Maha CM Sworn in*

BJP لیڈر دیویندر فڑنویس نے آج ممبئی کے آزاد میدان میں ایک شاندار تقریب میں مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ کے طور پر حلف لیا ہے۔ مہاراشٹر کے گورنر سی پی رادھا کرشنن نے جناب فڑنویس کو عہدے اور رازداری کا حلف دلایا۔ جناب فڑنویس نے وزیر اعظم نریندر مودی، مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، BJP کے قومی صدر جے پی نڈّا اور دو ہزار سے زیادہ دوسری اہم شخصیات کے ساتھ ساتھ 40 ہزار حامیوں کی موجودگی میں حلف لیا۔

S/B 2100 Devendra Fednavis Oath Ceromony-2

تمام قیاس آرائیوں کے درمیان شیوسینا کے سربراہ ایکناتھ شندے اور NCP کے سربراہ اجیت پوار نے نائب وزراءِ اعلیٰ کی حیثیت سے حلف لیا۔ جناب فڑنویس نے تیسری بار وزیر اعلیٰ کے طور پر جبکہ جناب پوار نے چھٹی بار

نائب وزیر اعلیٰ کے طور پر حلف لیا ہے۔مہاراشٹر کابینہ میں 43 وزراء ہوسکتے ہیں اور اگلے ہفتے تک وزراء اور وزراءِ مملکت کی حلف برداری کی تقریب ہوگی۔وزیر دفاع راجناتھ سنگھ، مرکزی وزراء نتن گڈکری اور پیوش گوئل کے ساتھ ساتھ NDA کی حکمرانی والی ریاستوں کے وزراء اعلیٰ اور نائب وزراء اعلیٰ نے بھی اِس شاندار تقریب میں شرکت کی۔ سلمان خان اور مادھوری دکشت سمیت بالی ووڈ کی کئی اہم شخصیتوں کے ساتھ ساتھ صنعتکار، کمار منگلم برلا اور مکیش امبانی اور کرکٹ کے مایہ ناز کھلاڑی سچن تینڈولکر بھی اس تقریب میں موجود تھے۔x

## *Jharkhand Cabinet Extention*

جھارکھنڈ میں ہیمنت سورین کی قیادت والی حکومت کے وزراء کی کونسل نے آج حلف لیا۔ گورنر سنتوش کمار گنگوار نے رانچی میں راج بھون میں منعقد ایک تقریب میں وزراء کو عہدے اور رازداری کا حلف دلایا۔ نئی ریاستی کابینہ میں کُل گیارہ وزراء کو شامل کیا گیا ہے۔ جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے 6 وزراء، کانگریس کے 4 جبکہ راشٹریہ جنتا دل RJD سے ایک وزیر ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

VC- K K Lal

ہیمنت سورین کابینہ میں دو خاتون وزیروں کو شامل کیا گیا ہے۔ Sudivya کمار، Chamra Linda، یوگیندر پرساد، رام داس سورین، دیپک Birua اور حفیظ الحسن سمیت JMM کے 6 وزراء ہیں۔ دیپیکا پانڈے سنگھ، رادھا کرشن کشور، عرفان انصاری اور شلپا نیہا ٹرکی، چار کانگریس کے وزراء ہیں۔ RJD سے سنجے پرساد یادو، واحد وزیر ہیں۔ اِس سے پہلے گورنر سنتوش کمار گنگوار نے JMM کے سینئر رہنما اسٹیفن مرانڈی کو عبوری اسپیکر کی حیثیت سے حلف دلایا تھا۔ جھارکھنڈ مکتی مورچہ رہنما ہیمنت سورین نے پچھلے ہفتے جھارکھنڈ کے وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے حلف لیا تھا۔ انڈیا بلاک JMM، کانگریس اور RJD پر مشتمل ہے، جس نے جھارکھنڈ کی 81 رُکنی اسمبلی میں 56 سیٹیں حاصل کی تھیں۔

رانچی سے K K Lal اور شلپی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں شبانہ رحمٰن

## *Parliament*

پارلیمنٹ نے بھارتیہ وایویان وِدھیک 2024 کو منظور کرلیا ہے۔ راجیہ سبھا نے آج اِسے پاس کیا تھا۔ لوک سبھا نے اِس سال مانسون اجلاس میں ہی اِسے منظوری دے دی تھی۔ یہ بل مرکزی سرکار کو کسی بھی طیارے کی درآمدگی یا برآمدگی، فروخت، رکھ رکھاؤ، مینوفیکچرنگ اور ڈیزائن کو منضبط کرنے سے متعلق قانون بنانے کا اختیار دیتا ہے۔ اِس بل کا مقصد سرکار کو کسی بھی ہوائی حادثے یا واقعے کی چھان بین کیلئے اصول وضوابط بنانے کا بھی اختیار دینا ہے۔

بل پر مباحثے کا جواب دیتے ہوئے شہری ہوا بازی کے وزیر کے رام موہن نائیڈو نے کہا کہ سرکار ہوا بازی کے شعبے کو اگلی سطح تک لے جانے کے تیئں عہد بند ہے اور سرکار کا مقصد ملک کو ہوا بازی کا ایک مرکز بنانا ہے۔

S/B 2100 Kinjurapu Ram Mohan Naidu

بحث میں شامل ہوتے ہوئے BJP کے شمبھو شرن پٹیل نے کہا کہ ہوا بازی کے شعبے میں کافی ترقی ہوئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ ملک میں 2014 میں ایئرپورٹ کی تعداد 74 تھی جو 2024 میں بڑھ کر 157 ہوگئی ہے۔

BJD کی Sulata Deo نے ہوائی سفر کے ڈائینامک قیمت کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا۔ DMK کی Kanimozhi NVN Somu نے کہا کہ ایئرپورٹ کے اندر خوردنی اشیاء اور پانی کی بڑھی ہوئی قیمتوں پر لگام لگایا جانا چاہیئے۔ترنمول کانگریس کی Sagarika Ghose نے مطالبہ کیا کہ ایئرپورٹ کے ٹینڈر اور بولی لگانے کے عمل کو شفاف بنایا جانا چاہیئے۔CPIM کے اے اے رحیم نے الزام لگایا کہ پرائیوٹ کمپنیاں ہوائی سفر کے کرایوں کا فیصلہ کرتی ہیں۔JDS کے ممبر پارلیمنٹ اور سابق وزیر اعظم ایچ ڈیوی گوڑا، BJP کے گھنشیام تیواری، سماجوادی پارٹی کے راج جی لال سُمن، YSRCP کے ایس نرنجن ریڈی، IUML کے حارث Beeran اور شیوسینا UBT کی پرینکا چترویدی نے بھی بحث میں حصہ لیا۔ BJP ایم پی نشی کانت دُوبے کے ذریعے کانگریس کے اعلیٰ رہنماؤں کے خلاف مخصوص الزامات لگائے جانے اور سنبھل معاملے پر اپوزیشن کے شور وغل کے بعد لوک سبھا کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔

وقفہ صفر کے دوران جناب دُوبے نے فرانس پبلی کیشن کے ایک رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ کچھ طاقتیں بھارتی پارلیمنٹ اور ملک کی معیشت کو کمزور کرنے کی کوششیں کر رہی ہیں۔ انھوں نے الزام لگایا کہ راہل گاندھی اور پرینکا گاندھی سمیت کانگریس لیڈران اور کچھ دوسرے اپوزیشن لیڈر اِس طرح کی رپورٹیں اپنے سوشل میڈیا ہینڈل پر شائع کر رہے ہیں۔

کانگریس، DMK اور دوسری پارٹیوں کے ممبران نے ایک اہم تجارتی گروپ کے خلاف مبینہ رشوت کے الزامات اور سنبھل تشدد پر ایوان میں شور وغل کیا۔x

## Prez Odisha

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے عدلیہ سے کہا ہے کہ وہ سزا دینے کی بجائے انصاف دیئے جانے پر توجہ مرکوز کرے۔ آج شام بھوبنیشور میں نئے کورٹ کمپلیکس کا افتتاح کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے قانونی برادری سے یہ بھی کہا کہ وہ ملتوی کیے جانے کے کلچر کو ختم کریں کیونکہ اِس سے غریب لوگوں کو بے وجہ مشکلات درپیش ہوتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارتیہ نیائے سنہتا نے تعزیراتِ ہند کو ختم کرتے ہوئے ملک میں نوآبادیاتی عدالتی نظام کا خاتمہ کر دیا ہے اور اِس کے پس پشت خاص مقصد، لوگوں کو بلاخوف پولیس اور عدالتوں تک لے جانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد بھارت میں عدالتوں، پولیس چوکیوں اور سرکاری دفتروں میں ڈر کا کوئی مقام نہیں ہے اور اِنہیں عام آدمی کیلئے دوستانہ ماحول کو یقینی بنانا چاہیے۔ صدر جمہوریہ، جو منگل کے روز سے اپنی آبائی ریاست اڈیشہ کے پانچ روزہ دورے پر ہیں، کل میور بھنج میں اپنے آبائی گاؤں Uperbeda جائیں گی اور میور بھنج میں بہت سے پروگراموں میں بھی شرکت کریں گی۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے............

VC- Prakash Dash

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے بھارتی عدلیہ میں Black Coat Syndrome کے سلسلے میں تشویش کا اظہار کیا ہے، کیونکہ ہمارے ملک میں آج بھی عام لوگ عدالت کا رُخ کرنے سے ڈرتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ جس طرح ایک مریض، سفید کوٹ پہنے ڈاکٹر اور پیرا میڈیکل اسٹاف کو دیکھ کر پریشان ہوجاتا ہے اسی طرح عام لوگ وکیلوں اور ججوں کے کالے کوٹ کو دیکھ کر گھبراہٹ محسوس کرتے ہیں کیونکہ وہ ہمارے عدالتی نظام کے بارے میں کچھ خاص معلومات نہیں رکھتے۔ انھوں نے کہا کہ اگر انصاف وقت رہتے نہیں ملتا تو وہ انصاف نہ ملنے کے ہی برابر ہے۔ عدالتوں کے التوا کے کلچر کی وجہ سے سب سے زیادہ غریب لوگ متاثر ہوئے ہیں۔ عدالتوں کے بار بار چکر لگانے کیلئے نہ تو ان کے پاس پیسے ہیں اور نہ ہی لوگ ہیں۔

انھوں اس اعتماد کا اظہار کیا کہ تمام شراکت داروں کو مل کر عام لوگوں کے مفاد کیلئے عدالتوں کے التوا کے کلچر کو ختم کرنے کیلئے کوئی راستہ تلاش کرنے کو ترجیح دینی چاہئے تاکہ عدلیہ نظام کو زیادہ سے زیادہ آسان اور عام لوگوں کیلئے قابل رسائی بنایا جاسکے۔ صدر جمہوریہ نے عام لوگوں کو ذہن میں رکھتے ہوئے عدالتوں کے احکامات کو مقامی زبانوں میں بھی فراہم کرنے کیلئے کہا ہے۔صدر جمہوریہ نے یہ بھی کہا کہ بھارت خواتین کی قیادت والی ترقی پر توجہ مرکوز کر رہا ہے جس سے عدالتی نظام میں خواتین کی شمولیت بڑھے گی۔

بھوبنیشور سے پرکاش داش کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں آفتاب احمد

## PM Bhutan

بھوٹان کے شاہ جگمے کھیسر نامگیال وانگ چُک اور ملکہ Jetsun Pema وانگ چُک نے آج نئی دلّی میں وزیر اعظم نریندر مودی سے ملاقات کی۔ میٹنگ کے دوران جناب مودی نے بھوٹان کی ترقی اور علاقائی فروغ کیلئے جگمے کھیسر نامگیال وانگ چُک کے نظریے کی ستائش کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ دونوں ہی ممالک، بھارت اور بھوٹان کے درمیان منفرد اور پائیدار شراکت داری کو آگے لے جانے کیلئے عہد بستہ ہیں۔ بھوٹان کے شاہ جگمے کھیسر نامگیال وانگ چک اور ملکہ Jetsun Pema وانگ چُک، بھارت کے دو روزہ دورے پر آج صبح نئی دلّی پہنچے۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے ہوائی اڈے پر اُن کا خیر مقدم کیا۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ بھارت اور بھوٹان کے درمیان دوستی اور تعاون کے منفرد نوعیت کے رشتے ہیں، جو آپسی مفاہمت اور اعتماد پر مبنی ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ ..................

VC- Suparna

تجارت، کامرس اور نقل و حمل سے متعلق بھارت-بھوٹان سمجھوتہ، دونوں ملکوں کے درمیان کھلی تجارت کے طریقۂ کار کیلئے کیا گیا ہے۔ مذکورہ سمجھوتہ بھوٹان کے برآمد کاروں کو تیسرے ملک کیلئے بغیر محصول کے نقل و حمل فراہم کرتا ہے۔ 2014 سے بھوٹان کے ساتھ بھارت کا کاروبار، جو 2014-15 میں 484 ملین ڈالرس تھا، 2022-23 میں ایک ہزار 606 ملین ڈالرس کا ہوگیا ہے۔ اِس کے علاوہ بھارت-بھوٹان ترقیاتی شراکت داری، پن بجلی تعاون سے نئے اور ابھرتے ہوئے شعبوں تک پہنچ گئی ہے، جس میں اہمیت کے حامل ڈیجیٹل پروجیکٹ Rupay کو مکمل طور پر

استعمال کیا گیا ہے۔ بھوٹان نے بھیم ایپ کا بھی آغاز کیا ہے تا کہ دونوں ملکوں کے درمیان مالی روابط کو مزید گہرا کیا جاسکے۔نئی دلی سے سپرنا سائیکا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں شبانہ رحمان

## PM Ashtaalakshmi

وزیر اعظم نریندر مودی کل نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں اَشٹ لکشمی مہوتسو کا افتتاح کریں گے۔ اس تین روزہ مہوتسو میں سبھی آٹھ شمال مشرقی ریاستوں کی ثقافت، درخشاں ٹیکسٹائلز صنعت، دستکاری کی مصنوعات، سیاحتی مواقع اور منفرد اشیاء کی نمائش کی جائے گی۔ 34 جی آئی ٹیگ یافتہ مصنوعات سمیت 250 سے زیادہ دستکار، منفرد دستکاری مصنوعات، ہینڈ لومس اور زرعی باغبانی مصنوعات کی نمائش کریں گے۔x

## PM Hornbill

ناگالینڈ کا مشہور و معروف Hornbill فیسٹول کا 25 واں ایڈیشن، جو کوہیما ضلعے کے تحت ناگا ثقافتی ورثے کے گاؤں Kisma میں فی الحال جاری ہے، اور آج اُس کا پانچواں دن ہے، یہ ملکی اور بین الاقوامی شائقین کی توجہ حاصل کر رہا ہے۔ فیسٹول آف فیسٹولس کے نام سے مشہور یہ ناگالینڈ کی مالامال ثقافت، روایات اور تاریخ کا جشن مناتا ہے، جس میں 18 ناگا قبائلیوں کی گونا گونیت کو اجاگر کیا جاتا ہے۔ سنگ میل کی حیثیت رکھنے والے اِس موقع پر وزیر اعظم نے فیسٹول کے 25 سال منائے جانے پر ناگالینڈ کے عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔ x

## ISRO PSLV C59 Launch

اِسرو نے آج PSLV C59 لانچ وہیکل کو سری ہری کوٹا کے ستیش دھون خلائی مرکز سے کامیابی کے ساتھ لانچ کیا جو 'پروبا' تین خلائی جہاز کو مدار میں پہنچائے گی۔ اِسے سری ہری کوٹا رینج کے پہلے لانچ پیڈ سے سہ پہر چار بجکر چار منٹ پر لانچ کیا گیا۔ لانچ کے بعد اِسرو نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر کہا کہ PSLV C59 کامیابی کے ساتھ آسمان کی طرف روانہ ہوا۔ اِس کے ساتھ ہی اسرو کی تکنیکی مہارت کے ساتھ نیو اسپیس انڈیا لمیٹڈ نے یوروپین خلائی ایجنسی کے اہم پروبا تین سیٹلائٹ کو لانچ کرکے ایک عالمی مشن کی شروعات کی ہے۔ پروبا تین، یوروپی خلائی ایجنسی کا مدار میں پہنچنے کا ایک مشن ہے۔ یہ دو خلائی جہازوں پر مشتمل ہے جنھیں ایک ساتھ لانچ کیا جائے گا۔یہ مشن، سیٹلائٹ کو اپنی صحیح جگہ پہنچانے، فارمیشن فلائنگ، تحویل اور نزدیک کی کارروائیوں کیلئے نئی ٹیکنالوجیز کی نمائش کرے گا۔آج کی کامیاب لانچنگ، اِسرو کے تجارتی مہم میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ آج کی لانچنگ سے اِسرو کی اپنی ٹیکنالوجی قوت کے فارمیشن فلائنگ صلاحیتوں کا مظاہرہ ہوتا ہے۔ PSLV C59 لانچ کے 18 منٹ بعد اپنے مخصوص مدارمیں پہنچ گیا ہے اور 545 کلو گرام کے دو چھوٹے سیٹلائٹ کو زمین سے 600 کلو میٹر اوپر چھوڑ دیا گیا ہے۔ یہ دونوں سیٹلائٹ آس پاس اُڑتے ہوئے کورونا کے نام سے معروف سورج کے باہری ماحول کا مطالعہ کریں گے۔ پروبا تین یوروپی خلائی ایجنسی کی دوسری سیٹلائٹ ہے جسے بھارتی راکٹ سے لانچ کیا گیا ہے۔ نیو اسپیس انڈیا، اسرو کی تجارتی تنظیم ہے۔x

### SC Delhi GRAP

سپریم کورٹ نے ہوا کے معیار کے بندوبست سے متعلق کمیشن کو دلّی میں گریڈیڈ ریسپونس ایکشن پلان GRAP اسٹیج چار کی پابندیوں کو گھٹا کر GRAP اسٹیج دو کرنے کی اجازت دی ہے۔ یہ فیصلہ، ہوا کے معیار کے اعداد وشمار AQI میں حالیہ بہتری کے بعد لیا گیا ہے جس میں لگاتار کمی کا رجحان ہے۔ جسٹس ابھے ایس اوکا اور جسٹس Augustine جورج مسیح کی سربراہی والی ایک بینچ نے ایڈیشنل سالیسٹر جنزل ایشوریہ بھاٹی کے جواب کا نوٹس لیا کہ AQI کی اوسطاً سطح 30 نومبر سے 300 سے نیچے رہی ہے۔ سپریم کورٹ نے کمیشن کو مشورہ دیا ہے کہ وہ احتیاطی اقدام کے طور GRAP اسٹیج تین کے تحت مخصوص اقدامات کو شامل کرنے پر غور کرے۔

عدالت عالیہ نے کہا ہے کہ اگر AQI ساڑھے تین سو سے اوپر ہو، تو GRAP تین کا نفاذ کیا جانا چاہئے اور اگر AQI چار سو کے اوپر پہنچتا ہے تو GRAP چار پھر سے نافذ کیا جائے۔

اِس سے پہلے، پیر کو عدالت عالیہ نے کہا تھا کہ وہ GRAP چار کی پابندیوں میں نرمی کی اُس وقت اجازت دے گا جب AQI میں لگاتار کمی کا رجحان ہوگا۔x

### Cricket Test

بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان بارڈر- گاوسکر ٹرافی کے دوسرے ٹیسٹ میچ کی پوری تیاری ہے۔ یہ میچ کل سے Adelaid Oul میں کھیلا جائے گا اور گلابی گیند کے ساتھ یہ میچ دن اور رات، دونوں وقت کھیلا جائے گا۔بھارت پرتھ میں ہوئے پہلے ٹیسٹ میچ میں جیت کے ساتھ ایک-صفر سے سبقت حاصل کئے ہوئے ہے اور اس سبقت کو مزید بڑھانے کا منتظر ہے، جبکہ آسٹریلیا کی ٹیم بھی شاندار واپسی کے ساتھ سیریز برابر کرنے کی پوری کوشش کرے گی۔ x

### Women Cricket

خواتین کرکٹ میں Brisbane میں ایک روزہ بین الاقوامی ٹورنامنٹ کی تین میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں آسٹریلیا نے بھارتی ٹیم کو پانچ وکٹ سے ہرا دیا۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے مہمان ٹیم 34 اوور دو گیندوں میں محض 100 رن ہی بنا سکی۔ آسٹریلیائی ٹیم نے 101 رن کے آسان سے ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے 16 اوور اور دو گیندوں میں میچ کو بڑی آسانی سے جیت لیا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆